بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز منگل مورخہ 22/فروری 2022ء

نشان زدہ سوالات اورانکے جوابات

محکمہ صحت

☆362 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 23 ستمبر 2020

کیاوزیر صحت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 30نومبر 2021اور 21جنوری 2022 کو موخرشدہ

سال 2018 تا 2020 کے دوران ضلع واشک کے بی ایچ یوز کو کل کتنے ایمبولسنیز فراہم کیے گئے بی ایچ یووار تفصیل دی جائے۔

وزیر صحت جواب موصول ہونے کی تاریخ 29 جنوری 2021

اس ضمن میں تحریر ہے کہ مالی سال 2018.20 کے دوران ضلع واشک کے BHUs ودیگر ادارے کیلئے کوئی ایمبولنس نہیں خریدی ہے اور نہ ہی دفتر ہذا نے گاڑیوں کی مد میں کوئی خریداری کی ہے

☆408 **جناب اصغر علی ترین رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 2 دسمبر 2020

کیاوزیر صحت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 30نومبر 2021اور 21جنوری 2022 کو موخرشدہ

ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال پشین میں موجود ڈائیلاسسز مشینوں کی مرمت کی بابت کے سلسلے میں کون کون سے اقدامات اُٹھائے گے ہیں تفصیل دی جائے۔

وزیر صحت جواب موصول ہونے کی تاریخ 27 جنوری 2021

اس ضمن میں تحریر ہے کہ ضلع پشین میں چار عدد جدید ڈائیلاسسز مشینیں اور آر او سسٹم مورخہ 23.8.2020 کو انسٹال کر دیئے گئے تھے مشین نئے اور وارنٹی میں ہیں ان کو مرمت کی کوئی ضرورت نہیں تمام لوازمات پہلے سے ہی فراہم کر

دیئے گئے ہیں صرف ڈائیلائسسز سلوشن کا مسئلہ ہے جو کہ ابھی ایم ایس ڈی بلوچستان سے پر چیز کے مرحلے میں ہے جلد مل جائے گا اور وہ بھی ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال پشین کو فراہم کر دیا جائے گا۔

☆433 ملک نصیر احمد شاہوانی رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 7 اپریل 2021

کیا وزیر صحت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 30 نومبر 2021 اور 21 جنوری 2022 کو موخر شدہ

جنوری تا مارچ 2021 کے دوران پولیو مہم پر آمدہ اخراجات کی تفصیل دی جائے۔

وزیر صحت جواب موصول ہونے کی تاریخ 9 اگست 2021

اس بارے میں تحریر ہے کہ جنوری تا مارچ 2021 کے دوران پولیو مہم پر گورنمنٹ کی طرف سے پولیو پر کوئی خرچہ نہیں ہوا تاہم Donor Agencies کی جانب سے جیسے ہی تفصیل موصول ہوگی ایوان کو آگاہ کر دیا جائے گا۔

☆504 سید عزیز اللہ آغا رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 15 جون 2021

کیا وزیر صحت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 30 نومبر 2021 اور 21 جنوری 2022 کو موخر شدہ

ضلع پشین کے کن کن ہسپتالوں بنیادی مراکز صحت اور رورل ہیلتھ سنٹرز میں گریڈ 1 تا 15 کی کل کسقدر آسامیاں خالی پڑی ہوئی ہیں ان کے نام اور گریڈ کی تفصیل دی جائے۔

وزیر صحت جواب موصول ہونے کی تاریخ 2 ستمبر 2021

محکمہ صحت ضلع پشین کی خالی آسامیاں گریڈ 1 تا 15 کی تفصیل آخر پر منسلک ہے ۔

☆642 جناب ثناء اللہ بلوچ رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 16 اگست 2021

کیا وزیر صحت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 30 نومبر 2021 اور 21 جنوری 2022 کو موخر شدہ

کیا یہ درست ہے کہ سال 2018 تا 2021 کے دوران خضدار میڈیکل کالج (جھالاوان میڈیکل کمپلیکس) پر کام بند ہے اگر جواب اثبات میں ہے اس پر کام کب تک شروع کیا جائے گا نیز پی ایم ڈی سی کیجانب سے حکومت کو اس سلسلے میں جو مراسلے اور تشویشی خطوط ارسال کیے گئے جسکی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیرصحت   **جواب موصول ہونے کی تاریخ 21 اکتوبر 2021**

اس ضمن میں تحریر ہے کہ مالی سال 2018 تا 2021 کے دوران خضدار میڈیکل کالج (جھالاوان میڈیکل کمپلیکس) پر کام بند ہے اس پر کام مجاز حکام کی منظوری کے بعد ہی شروع کیا جائے گا اور اس سلسلے میں مجاز حکام کو سمری بھی ارسال کی ہے جو تا حال منظور نہیں ہوئی نیز پی ایم ڈی سی کی جانب سے حکومت کو اس سلسلے میں کوئی مراسلہ اور تشویشی خطوط ارسال نہیں کیے گئے ہیں۔

کوئٹہ،   سیکرٹری،

مورخہ 18 رفروری 2022ء   بلوچستان صوبائی اسمبلی

☆537   **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی**   **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 26 نومبر 2020**

کیا وزیر مذہبی امور از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

مالی سال 2021,2022 کے بجٹ میں محکمہ مذہبی امور واشک، لسبیلہ، تربت، کوئٹہ اور ژوب اضلاع کیلئے کل کسقدر اسامیاں تخلیق کی گی ہیں ان کے نام، گریڈ اور تعداد کی تفصیل دی جائے۔

وزیر مذہبی امور

مالی سالل 2021.2022 کے بجٹ میں ضلع واشک، لسبیلہ، تربت ، کوئٹہ اور ژوب کیلئے نئ اسامیاں تخلیق کی گئ ہیں ان کے نام، گریڈ اور تعداد درج ذیل ہیں۔

نمبر شمار	آسامی کا نام اور گریڈ	تعداد	ضلع کا نام
1	سینئر آڈیٹر (B-16)	01	ژوب۔01
2	پیش امام (B-14)	02	قلات۔01 اور خالق آباد۔01

3	مئوذن (B-06.)	08	موسیٰ خیل-01، مستونگ-02 کوئٹہ-01 نصیر آباد-01 اور کیچ-03 یہ آسامیاں ضلع کے مختلف مساجد کے لیے ہیں۔
4	خادم (B-04)	15	موسیٰ خیل-01 پنجگور-04، خضدار-01 خالق آباد-01 کیچ-06 زیارت-01 اور آواران-01 یہ آسامیاں ضلع کے مختلف مساجد کے لیے ہیں۔
	کل آسامیاں	26	

کوئٹہ،

مورخہ 28/مئی 2021

سیکرٹری،

بلوچستان صوبائی اسمبلی